اقوام متحدہ عملہ کے طور پر کام کرتے ہوئے غزہ میں کرنل ویبھو انیل کالے (ریٹائرڈ) کی بدقسمتی سے موت پر بیان

15 مئی 2024

ہم مورخہ 13 مئی 2024 کو غزہ میں اقوام متحدہ کے محکمہ تحفظ اور سلامتی (DSS) میں سیکورٹی کوآرڈینیشن افسر، کرنل ویبھو انیل کالے (ریٹائرڈ) کی موت سے بہت غمزدہ ہیں۔ ہم ان کے اہل خانہ اور عزیزوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔

نیویارک میں اقوام متحدہ میں ہمارا مستقل مشن اور تل ابیب اور رملہ میں ہمارے مشن جسم خاکی کی ہندوستان واپسی میں ہر طرح کی مدد کر رہے ہیں اور واقعہ کی تحقیقات کے سلسلے میں متعلقہ حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں۔

نئی دہلی
15 مئی 2024